Bata

باٹا پاکستان لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: باٹا پاکستان لمیٹڈ، جی ٹی روڈ، باٹا پور، لاہور

ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (4) 159 کے مطابق، ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل نو (9) افراد نے بروز جمعہ، مورخہ 22 ستمبر 2023 کو صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس باٹا پاکستان لمیٹڈ، جی ٹی روڈ، باٹا پور، لاہور میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاسِ عام میں ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے لیے اپنے کاغذاتِ نامزدگی کمپنی کے پاس جمع کروائے ہیں۔

1 - روبرٹو لونگو
2 - محمد عمران ملک
3 - امجد فاروق
4 - محمد مقبول
5 - رئیرنگوٹ چونچو مسائن
6 - عامر امین
7 - راشد رحمان میر (آزاد ڈائریکٹر)
8 - کمال منو (آزاد ڈائریکٹر)
9 - فاطمہ اسد خان (فی میل/آزاد ڈائریکٹر)

مذکورہ بالا افراد کے پروفائلز کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں اور اس لنک www.bata.com.pk کے ذریعے ان پروفائلز تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ان کے تجربے، قابلیت، تنوع، مہارت اور علم کی بنیاد پر کیا گیا ہے جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 کے تحت جاری کیے گئے ضوابط کے مطابق ہیں۔

چونکہ ان افراد کی تعداد جنہوں نے خود کو بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کی پیشکش کی ہے وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے تحت بورڈ کی متعین کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے، لہٰذا، مذکورہ بالا تمام افراد کو 25 ستمبر 2023 سے شروع ہونے والی تین سال کی اگلی مدت کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (5) 159 کے تحت کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر ووٹنگ کے عمل کے بغیر منتخب سمجھا جائے گا۔

ہارون شوکت
(کمپنی سیکریٹری)

لاہور۔
ستمبر 14، 2023